Total printed Page: 8] Roll No................

BAUL-102

Urdu Shayeri

Bachelor of Arts (BA-12/16/17)

First Year, Examination, 2019

Time : 3 Hours Max. Marks : 80

نوٹ:۔ یہ پرچہ الف، ب اور ج تین حصوں پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے نمبر 19 ہیں۔ 2x19=38

1۔ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی بتایئے۔

اے دل کسے نصیب یہ توفیق اضطراب

ملتی ہے زندگی میں یہ راحت کبھی کبھی

مہربانی کو محبت نہیں کہتے اے دوست

آہ اب مجھ سے تری رنجش بے جا بھی نہیں

زندگی تو بھی پشیماں ہے یہاں لا کے مجھے

ڈھونڈتی ہے کوئی حیلہ مرے مر جانے کا

یا

اک محل کی آڑ سے نکلا وہ پیلا ماہتاب

جیسے ملا کا عمامہ جیسے بنیے کی کتاب

جیسے مفلس کی جوانی جیسے بیوہ کا شباب

اے غم دل کیا کروں، اے وحشت دل کیا کروں

2۔ اردو نظم نگاری میں اختر الایمان کی انفرادیت واضح کیجئے۔

3۔ نظم ''او دیس سے آنے والے بتا'' پر تنقیدی تبصرہ کیجئے۔

4۔ آرزو لکھنوی یا ناصر کاظمی کے شاعرانہ کمالات پر روشنی ڈالئے۔

(حصہ ب)

مندرجہ ذیل میں سوالات میں سے کسی چار (4) کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے نمبر آٹھ (8) ہیں۔ 4x8=32

1۔ غزل کے اجرائے ترکیبی کیا ہیں؟

2۔ غزل کو اردو شاعری کی آبرو کس نے کہا اور کیوں کہا؟

3۔ استعارہ کسے کہتے ہیں ؟

4۔ تلمیح کا مطلب سمجھایئے اور مثال دیجئے۔

5۔ فیض احمد فیض نے اپنی نظموں میں کس طرح کے فکر و خیال کو پیش کیا ہے ؟

6۔ ردیف کسے کہتے ہیں۔

7۔ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بتایئے۔

خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

8۔ فانی یا فراق کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(حصہ ج)

مندرجہ ذیل تمام معروضی سوالوں کے صحیح جواب لکھئے۔ ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔ 10x1=10

1۔ فراق گورکھپوری کا پورا نام کیا ہے؟

(الف) رگھوپتی سہائے (ب) دیا شنکر

(ج) سہا مجددی (د) جگت موہن

2۔ غزل کو نیم وحشی صنف سخن کس نے کہا؟

(الف) حالیؔ (ب) رشید احمد صدیقی

(ج) اختر انصاری (د) کلیم الدین احمد

3۔ ان میں کون ساشاعر بڑا نظم نگار ہے؟

(الف) حسرت موہانی (ب) جوش ملیح آبادی

(ج) ناصر کاظمی (د) فانی

4۔ ''ہاتھوں کا ترانہ'' کس نے لکھا ہے؟

(الف) سردار جعفری (ب) مخدوم محی الدین

(ج) اختر الایمان (د) جوش

5۔ ''آہنگ'' کس کا شعری مجموعی ہے؟

(الف) مجاز (ب) جگر

(ج) فیض (د) اختر شیرانی

6۔ کس شاعر نے موت کا مضمون کثرت سے باندھا ہے؟

(الف) جگر مراد آبادی (ب) اختر شیرانی

(ج) مجاز (د) فانی

7۔ ”او دیس سے آنے والے بتا“ کس کی نظم ہے؟

(الف) اختر الایمان (ب) اختر انصاری

(ج) اختر شیرانی (د) فیض احمد فیض

8۔ کسی وصف میں دو چیزوں کی شریک ٹھہرانا کیا کہلاتا ہے؟

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ

(ج) کنایہ (د) تلمیح

9۔ خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

یہ شعر کس کا ہے؟

(الف) ناصر کاظمی (ب) حسرت موہانی

(ج) آرزو لکھنوی (د) فراق گورکھپوری

10۔ مندرجہ ذیل میں کون سا شاعر نظم نگار نہیں ہے؟

(الف) نظیر اکبر آبادی (ب) الطاف حسین حالی

(ج) جوش ملیح آبادی (د) شاد عظیم آبادی

****